## سوال

باجماعت نماز میں رکوع سے اٹھنے کے بعد "سمیع اللہ المنحمدہ" کہنا مقتدی کیلیئے بھی لازم ہے ؟

## جواب

مقتدی کے لئے "سمع اللہ لمن حمدہ "کہنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا باجماعت نماز میں مقتدی کے لئے "سمع اللہ لمن حمدہ "کہنا لازم ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! امام ناصر الدین البانی نے اپنی کتاب صفۃ صلاۃ النبی میں یہ موقف اختیار کیا ہے کہ امام اور مقتدی دونوں کو یہ کلمات کہنے چاہئیں کیونکہ نبی کریم ﷺ اپنی نماز میں ان دونوں کو کہا کرتے تھے، اور صَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُونِي أُصَلِّي (اس طرح نماز پڑھو جیسے مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو) کے عمومی حکم کے پیش نظر امام، مقتدی اور اکیلے نماز پڑھنے والے غرض ہر نمازی کو اس سنت پر عمل کرنا چاہیے۔ (صفۃ صلاۃ النبی : 2/679) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث